© rasailojaraid.com

مختصر حالات پر مبنی حواشی خود میرے مرتب کردہ ہیں۔ یہ کتاب میری پہلی علمی کاوش ہے۔"
۲۳۰ صفحات پر مشتمل یہ دلچسپ کتاب علم وتاریخ طب سے دلچسپی رکھنے والے قارئین کے علمی ذوق کی تسکین کرتی ہے قیمت درج نہیں۔ طیب اکیڈمی بوہڑ گیٹ ملتان سے مل سکتی ہے۔

✲ جماعت المسلمین (مسعود احمد کے پیروکار) اپنے افکار و نظریات کے آئینہ میں:

مؤلفہ: مولانا محمد قاسم سومرو، ضخامت: ۱۱۰ صفحات

ناشر: مکتبہ جامعہ بنوریہ، متصل سائٹ پولیس اسٹیشن کراچی ۱۶

اسلام کے خلاف ہر دور میں نئے نئے فتنے ظہور پذیر ہوتے رہے ہیں۔ مثلاً، پرویزی، چکڑالوی، قادیانی وغیرہ..... انہی فتنوں میں عصر حاضر کا ایک فتنہ "جماعت المسلمین" کے نام سے سرگرم عمل ہے۔ اس کا بانی کراچی کا ایک شخص ڈاکٹر مسعود احمد (بی ایس سی) ہے۔ اس فتنہ کا فکری و نظریاتی شجرۂ نسب بھی مذکورہ بالا فتنوں سے ہی ملتا ہے۔ اس کا اول و آخر مقصد امت مسلمہ میں انتشار و افتراق پیدا کرنا اور سادہ لوح بے علم مسلمانوں کو مختلف سوالات میں الجھا کر گمراہ کرنا اور دینِ اسلام سے برگشتہ کرنا ہے۔

"جماعت المسلمین" نے "عدم تقلید" کے دعویٰ کے باوصف اپنے پیشرو گمراہوں کی "تقلید" میں اپنے سوا تمام مسلمانوں کو کافر و مشرک قرار دیا ہے۔ ان کے نزدیک صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے اقوال و اعمال حجت نہیں۔ تابعین، تبع تابعین اور اکابر امت سب کے سب مشرک تھے اور صرف یہ جماعت اور اس کے ارکان سچے مسلمان اور پکے موحد ہیں۔ حیران کن بات یہ ہے کہ ایک طرف تو صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے اقوال واعمال حجت نہیں مگر دوسری طرف ڈاکٹر مسعود احمد کی تمام باتیں حجت اور عین اسلام ہیں

ع...... عقل ہے محو تماشائے لبِ بام ابھی

زیر نظر کتاب میں فاضل مؤلف مولانا محمد قاسم سومرو نے نہایت محنت اور تحقیق سے ڈاکٹر مسعود کے نظریات کو باحوالہ پیش کر کے ان کا علمی و تنقیدی جائزہ لیا ہے۔ اور علم و تحقیق کی بنیاد پر ان کے افکار و نظریات کا رد کیا ہے۔ تحریر کا اسلوب متین اور علمی ہے جو قاری کو متاثر کرتا ہے۔

✲ عقیدہ ختم نبوت اور فتنۂ قادیانیت (سوالاً جواباً) مرتب: صادق علی زاہد

ضخامت: ۱۷۲ صفحات قیمت: ۶۰ روپے

ملنے کا پتہ: مکتبہ سید احمد شہید الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

فتنۂ قادیانیت، اسلام کے خلاف انگریزی استعمار کی سب سے بڑی سازش ہے اور خود بانی فتنہ مرزا غلام قادیانی لعنۃ اللہ علیہ کے بقول "انگریز کا خود کاشتہ پودا ہے" اس فتنہ کی سرکوبی کے لئے علماء حق نے مختلف محاذوں پر جدوجہد کی، تحاریک ختم نبوت برپا کیں۔ خصوصاً محدث کبیر حضرت علامہ انور شاہ کشمیری قدس سرہ، کے حکم و سرپرستی اور حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی


© rasailojaraid.com